اور اگر کچھ چھین لے اُن سے مکھی چھڑا نہ سکیں وے اُس سے * بودا ہی چاہنے والا

۷۴ وَالْمَطْلُوْبُ ۝ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ

اور جنکو چاہتا ہی * اللہ کی قدر نہیں سمجھی جیسی اُسکی قدرت ہی * بیشک اللہ زور آور ہی

۷۵ عَزِيْزٌ ۝ اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰۗىِٕكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ ۭ

زبردست * ف • اللہ چھانٹ لیتا ہی فرشتوں میں پیغام پہنچانیوالا اور آدمیوں میں *

۷۶ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۝ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۭ

اللہ سنتا ہی دیکھتا • ف • جانتا ہی جو اُنکے آگے اور جو اُنکے پیچھے •

۷۷ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا

اور اللہ تک پہنچ ہر کام کی • ف • ای ایمان والو رکوع کرو اور سجدہ کرو

۷۸ وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ۚ وَجَاهِدُوْا

اور بندگی کرو اپنے رب کی اور کرو بھلائی شاید بھلا پاؤ • اور محنت کرو

فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ۭ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي

اللہ کے واسطے جو چاہیے اُسکی محنت • اُسنے تمکو پسند کیا اور نہیں رکھی تم پر

ف • چاہنے والا کافر اور جسکو چاہتا ہی اُنکے بُت • مکھی چاہتی ہی بت کو وہ مورت آرائی ہی اُسکو اُس مورت کا شیطان

ف * یعنے ساری خلق میں بہتر دے لوگ ہیں پیغام پہنچانیوالے فرشتوں میں بھی وے فرشتے اعلیٰ ہیں اُنکو چھوڑ کر بُتوں کو مانتے ہو ناحق

ف * یعنے وے بھی اختیار نہیں رکھتے • اختیار ہر چیز میں اللہ کا ہی

الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ط مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ط هُوَ سَمّٰكُمُ

وین مین کچھ مشکل • دین تمھارے باپ ابراہیم کا اُس نے نام رکھا

الْمُسْلِمِيْنَ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا

تمھارا مسلمان حکم بردار پہلے سے اور اِس قرآن مین تا رسول ہو بتانیوالا

عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ج فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ

تم پر اور تم ہو بتانیوالے لوگون پر • سو کھڑی رکھو نماز اور دیتے رہو زکواۃ

وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ط هُوَ مَوْلٰىكُمْ ج فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝

اور گہہ پکڑو اللہ کو وہ تمھارا صاحب ہی • سو خوب صاحب ہی اور خوب مددگار • ف •

كلمات سورة المؤمنون مكية وهي مائة وثمان وعشر اية حروف

١٨٤٠ سورت مومنون مکی ہی ایک سو اٹھارہ آیت کی ٤٨٠٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلٰوتِهِمْ خَاشِعُوْنَ ۝ ٢

کام نکال گئے ایمان والے • جو اپنی نماز مین نوے ہین •

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ ٣ ٤

اور جو نکمی بات پر دھیان نہین کرتے • اور جو زکواۃ دیا کرتے

فَاعِلُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حَافِظُوْنَ ۝ اِلَّا عَلٰى اَزْوَاجِهِمْ ٥ ٦

ہین • اور جو اپنی شہوت کی جگہہ تھامتے ہین • مگر اپنی عورتون پر

اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝ فَمَنِ ابْتَغٰى ٧

یا اپنے ہاتھہ کے مال پر سو اُن پر نہین اُلاہنا • پھر جو کوئی ڈھونڈھے

وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعَادُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ ٨

اُسکے سوا سو وہی ہین حد سے بڑھنیوالے • اور جو اپنی امانتون سے

ف • اُسنے تمھارا نام رکھا مسلمان • یعنے اللہ نے یا ابراہیم نے • پہلے دعا مین کہا کہ اُمت مسلمان پیدا کر اور اِس قرآن مین شاید اُنہی کے مانگے سے یہہ نام پڑا ہو • اور رسول بتانیوالا ہو • یعنے پسند کیا تمکو اِسواسطے کہ تم اور اُمتونکو سکھاؤ اور رسول تمکو سکھاوے • اور یہہ اُمت جو سب سے پیچھے آئی سب کی غلطی اِسپر معلوم ہوئی • سبکو صحیح راہ بتاتے ہین

١٨
الجزو الثامن وعشر

٩ وَعَهْدِهِمْ رَاعُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۘ

اور اپنے قرار سے خبردار ہیں • اور جو اپنی نمازوں سے خبردار ہیں •

١٠ ١١ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوَارِثُوْنَ ۙ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ۭ هُمْ

وہی ہیں میراث لینے والے • جو میراث پاوینگے باغ ٹھنڈی چھانوں کے • وے

١٢ فِيْهَا خَالِدُوْنَ ۝ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ

اُسی میں رہ پڑے • اور ہم نے بنایا ہی آدمی چنی

١٣ مِّنْ طِيْنٍ ۚ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۝

مٹی سے • پھر رکھا اُسکو بوند کو کر ایک جمی ٹھہراو میں •

١٤ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ

پھر بنائی اُس بوند سے پھٹکی پھر بنائی اُس پھٹکی سے بوٹی پر بنائیں اُس بوٹی سے

عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۖ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ۭ فَتَبٰرَكَ

ہڈیاں پھر پہنایا ہڈیوں پر گوشت • پھر اُٹھا کھڑا کیا اُسکو ایک نئی صورت میں • سو برکتی

١٥ ١٦ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ۭ ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ۭ ثُمَّ

برکت اللہ کی جو سب سے بہتر بنانے والا • پھر تم اُسکے پیچھے مروگے • پھر تم

١٧ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ۝ وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ

قیامت کے دن کھڑے کئے جاؤگے • اور ہم نے بنائی ہیں تمہارے اوپر سات راہیں •

١٨ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ۝ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ

اور ہم نہیں ہیں خلق سے بےخبر • اور اُتارا ہم نے آسمان سے پانی ماپ کر

١٩ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ ۖ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ۚ فَاَنْشَاْنَا

پھر اُسکو ٹھہرا دیا زمین میں • اور ہم اُسکو لیجاوئیں تو سکتے ہیں • پھر اُگا دئے

لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ ۘ لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ

تمکو اُس سے باغ کھجور اور انگور کے تمکو اُنمیں میوے ہیں اور اُنہی میں سے

۲۰ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ ۝ وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُورِ سَيْنَاءَ تَنْبُتُ بِالدُّهْنِ

کھاتے ہو ۔ اور وہ درخت جو نکلتا ہی سینا پہاڑ سے لے اُگتا ہی تیل

۲۱ وَصِبْغٍ لِّلْآكِلِينَ ۝ وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۚ نُسْقِيكُمْ مِمَّا

اور روٹی ڈبونا کھانیوالونکو ۔ اور تمکو چوپایون مین دھیان کرنا ہی * پلاتے ہین ہم تمکو اُنکے

۲۲ فِي بُطُونِهَا وَلَكُمْ فِيهَا مَنَافِعُ كَثِيرَةٌ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ ۝ وَعَلَيْهَا

پیٹ کی چیز سے اور تمکو اُنمین بہت فایدے ہین اور بعضونکو کھاتے ہو ۔ اور اُنپر

۲۳ وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُونَ ۝ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ فَقَالَ

ع ۲

اور کشتی پر لدے پھرتے ہو ۔ اور ہم نے بھیجا نوح کو اُسکی قوم پاس تو اُسنے کہا

يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۚ أَفَلَا تَتَّقُونَ ۝

ای قوم بندگی کرو اللہ کی تمھارا کوئی حاکم نہین اُسکے سواے ۔ کیا تمکو ڈر نہین ۔

۲۴ فَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ قَوْمِهِ مَا هَٰذَا إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ

تب بولے سردار جو منکر تھے اُسکی قوم کے یہہ کیا ہی ایک آدمی ہی جیسے تم

يُرِيدُ أَنْ يَتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَأَنْزَلَ مَلَائِكَةً ۚ

چاہتا ہی کہ بڑائی کرے تم پر * اور اگر اللہ چاہتا تو اُتارتا فرشتے ۔

۲۵ مَا سَمِعْنَا بِهَٰذَا فِي آبَائِنَا الْأَوَّلِينَ ۝ إِنْ هُوَ إِلَّا رَجُلٌ بِهِ جِنَّةٌ

یہہ نہین سُنا اپنے اگلے باپ دادون مین ۔ اور کچھ نہین یہہ ایک مرد ہی کہ اُسکو سودا ہی

۲۶ فَتَرَبَّصُوا بِهِ حَتَّىٰ حِينٍ ۝ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِي بِمَا كَذَّبُونِ ۝

سو راہ دیکھو اُسکی ایک وقت تک ۔ بولا ای رب تو مدد کر میری کہ اُنھون نے مجکو جھٹلایا ۔

۲۷ فَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِ أَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَإِذَا جَاءَ أَمْرُنَا

پھر ہم نے حکم بھیجا اُسکو کہ بنا کشتی ہماری آنکھونکے سامنے اور ہمارے حکم سے پھر جب پہنچے ہمارا حکم

وَفَارَ التَّنُّورُ ۙ فَاسْلُكْ فِيهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ

اور اُبلے تنور تو ڈال لے اُس مین ہر چیز کا جوڑا دُہرا اور اپنے گھر کے لوگ ۔

إِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ج وَلَا تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ
مگر جسکی قسمت میں آگے پڑ چکی بات * اور نہ کہہ مجھسے اُن

۲۸ ظَلَمُوا ج إِنَّهُمْ مُغْرَقُونَ ۝ فَإِذَا اسْتَوَيْتَ أَنْتَ وَمَنْ مَعَكَ عَلَى
ظالموں کے واسطے * اُنکو ڈوبنا ہی * پھر جب چڑھ چکے تو اور جو تیرے ساتھ ہی

الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي نَجَّانَا مِنَ الْقَوْمِ
کشتی پر تو کہہ شکر اللہ کا جسنے چھڑا یا ہمکو گنہگار

۲۹ الظَّالِمِينَ ۝ وَقُلْ رَبِّ أَنْزِلْنِي مُنْزَلًا مُبَارَكًا وَأَنْتَ
لوگوں سے * اور کہہ اے رب اُتار مجکو برکت کا اُتارنا اور تو ہی

۳۰ خَيْرُ الْمُنْزِلِينَ ۝ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ قف وَإِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِينَ ۝
بہتر اُتارنیوالا * اِس میں نشانیاں ہیں * اور ہم ہیں جانچنے والے *

۳۱ ۳۲ ثُمَّ أَنْشَأْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قَرْنًا آخَرِينَ ۝ فَأَرْسَلْنَا فِيهِمْ رَسُولًا
پھر اُٹھائی ہم نے اُن سے پیچھے ایک سنگت اور * پھر بھیجا ہم نے اُنمیں ایک رسول

مِنْهُمْ أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ط أَفَلَا تَتَّقُونَ ۝
اُن میں کا کہ بندگی کرو اللہ کی کوئی نہیں تمھارا حاکم اُسکے سوائے * پھر کیا تمکو ڈر نہیں *

۳۳ ع ۳ وَقَالَ الْمَلَأُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِلِقَاءِ
اور بولے سردار اُسکی قوم کے جو منکر تھے اور جھٹلاتے تھے آخرت کی

الْآخِرَةِ وَأَتْرَفْنَاهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا لا مَا هَٰذَا إِلَّا بَشَرٌ
ملاقات کو اور آرام دیا تھا اُنکو ہم نے دنیا کے جینے اور کچھ نہیں یہہ ایک آدمی

مِثْلُكُمْ لا يَأْكُلُ مِمَّا تَأْكُلُونَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُونَ ۝
ہی جیسے تم کھاتا ہی جس قسم سے تم کھاتے ہو اور پیتا ہی جس قسم سے تم پیتے ہو *

۳۴ وَلَئِنْ أَطَعْتُمْ بَشَرًا مِثْلَكُمْ إِنَّكُمْ إِذًا لَخَاسِرُونَ ۝
اور کبھی تم چلے کہے پر ایک آدمی کے اپنے برابر کے تو بیشک تم خراب ہوئے *

أَيَعِدُكُمْ أَنَّكُمْ إِذَا مِتُّمْ وَكُنتُمْ تُرَابًا وَعِظَامًا أَنَّكُم مُّخْرَجُونَ ۝ ۳۵

کیا تم کو وعدہ دیتا ہی کہ جب مرگئے اور ہوگئے مٹی اور ہڈیان کہ تمکو نکلنا ہی •

هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوعَدُونَ ۝ إِنْ هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا ۳۶ ۳۷

کہان ہوسکتا ہی کہان ہوسکتا ہی جو وعدہ تمکو ملتا ہی • اور کچھہ نہین ہی جینا ہی ہمارا دنیا کا

نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ ۝ إِنْ هُوَ إِلَّا رَجُلٌ افْتَرَىٰ ۳۸

مرتے ہین اور جیتے ہین اور ہمکو پھر اُٹھنا نہین • اور کچھہ نہین یہہ ایک مرد ہی باندھہ لایا

عَلَى اللَّهِ كَذِبًا وَمَا نَحْنُ لَهُ بِمُؤْمِنِينَ ۝ قَالَ رَبِّ انصُرْنِي ۳۹

اللہ پر جھوٹھہ اور ہم اُسکو نہین ماننے والے • بولا ای رب میری مدد کر اُنھون نے

بِمَا كَذَّبُونِ ۝ قَالَ عَمَّا قَلِيلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نَادِمِينَ ۝ فَأَخَذَتْهُمُ ۴۰ ۴۱

مجکو جھٹلایا • فرمایا اب تھوڑے دنون مین صبح کو رہ جاوینگے پچتاتے • پھر پکڑا اُنکو

الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنَاهُمْ غُثَاءً فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝

چنگھاڑ نے تحقیق پھر کر دیا ہم نے اُنکو کوڑا • سو دور ہوجاوین گنہگار لوگ • ف •

ف • اس سے معلوم ہوتا ہی یہہ قصہ ہی ثمود کا کہ چنگھاڑ سے وے مرے ہین

ثُمَّ أَنشَأْنَا مِن بَعْدِهِمْ قُرُونًا آخَرِينَ ۝ مَا تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ أَجَلَهَا ۴۲ ۴۳

پھر اُٹھائین ہم نے اُن سے پیچھے سنگتین اور • نہ پہلے جاوے کوئی قوم اپنے وعدے

وَمَا يَسْتَأْخِرُونَ ۝ ثُمَّ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَىٰ ۖ كُلَّمَا جَاءَ ۴۴

سے نہ پیچھے رہین • پھر بھیجے ہم نے اپنے رسول لگے تار • جہان پہنچا

أُمَّةً رَّسُولُهَا كَذَّبُوهُ ۚ فَأَتْبَعْنَا بَعْضَهُم بَعْضًا وَجَعَلْنَاهُمْ

کسی اُمت پاس اُنکا رسول اُسکو جھٹلا دیا پھر چلاتے گئے ہم ایک کے پیچھے دوسرے اور کر ڈالا اُنکو

أَحَادِيثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُونَ ۝ ثُمَّ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ وَ ۴۵

کہانیان • سو دور ہوجاوین جو لوگ نہین مانتے • پھر بھیجا ہم نے موسی

أَخَاهُ هَارُونَ بِآيَاتِنَا وَسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ۝ إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ ۴۶

اور اُسکے بھائی ہارون کو اپنی نشانیان دیکر اور سند کھلی • فرعون اور اُسکے سردارون پاس

٤٧ فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ۚ فَقَالُوْا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ

پھر بڑائی کرنے لگے اور تھے وے لوگ چڑھ رہے * سو بولے کیا ہم مانینگے ایک دو آدمیون کو

٤٨ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عَابِدُوْنَ ۚ فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ

اپنے برابر کے اور انکی قوم کرتی ہین ہماری بندگی * پھر جھٹلایا اُن دونونکو پھر ہوے

٤٩ الْمُهْلَكِيْنَ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝

کھپنے والون مین * اور ہم نے دی موسی کو کتاب شاید وے راہ پاوین *

٥٠ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ

اور بنایا ہم نے مریم کے بیٹے اور اُسکی ماکو ایک نشانی اور اُنکو ٹھکانا دیا ایک ٹیلے پر جہان

٥١ ع قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ۝ يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ط

ٹھہراو تھا اور پانی نتھرا * ف * ای رسولو کھاو ستھری چیزین اور کام کرو بھلا *

٥٢ اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۝ وَاِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً

جو کرتے ہو مین جانتا ہون * ف * اور یے لوگ ہین تمہارے دین کے سب ایک دین پر

٥٣ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ۝ فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ط

اور مین ہون تمہارا رب سو مجھسے ڈرتے رہو * پھر پھوٹ کر لیا اپنا کام آپس مین ٹکڑے ٹکڑے *

٥٤ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ۝ فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ

ہر فرقے جو اُنکے پاس ہی اُس پر ریجھ رہے ہین * ف * سو چھوڑ دے اُنکو اُنکی بیہوشی مین

٥٥ حَتّٰى حِيْنٍ ۝ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ۝

ڈ دیے ایک وقت تک * کیا خیال رکھتے ہین کہ یہ جو ہم اُنکو دیے جاتے ہین مال اور اولاد *

٥٦ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ط بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ

٥٧ دوڑ دوڑ ملاتے ہین انکو بھلائیان * کوئی نہین انکو بوجھ نہین * البتہ جو لوگ اپنے رب کے

٥٨ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝

خوف سے اندیشہ رکھتے ہین * اور جو لوگ اپنے رب کی باتین یقین کرتے ہین *

ف * حضرت عیسی جب ماسے پیدا ہوے اُس وقت کے بادشاہ نے نجومیون سے سنا کہ بنی اسرائیل کا پادشاہ پیدا ہوا * وہ دشمن ہوا اُنکی تلاش مین پڑا * اُنکو بشارت ہوئی کہ اُسکے ملک سے نکل جاو * نکل کر مصر کے ملک مین گئے * ایک گانون کے زمیدار نے حضرت مریم کو اپنی بیٹی کر رکھا * جب حضرت عیسی جوان ہوے اُس وطن کا بادشاہ مر چکا تب پھر آئے اپنے وطن کو * وہ گانون تھا ٹیلے پر اور پانی وہان کا خوب تھا

ف * یعنے سب رسولونکے دین مین یہی کام ایک ہی کہ حلال کھانا حلال راہ سے کما کر * اور نیک کام کرنا * نیک کام سب لوگ جانتے ہین

ف * یہہ پیغمبر کے ہاتھ اللہ نے

۵۹ وَالَّذِينَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُونَ ۙ ۶۰ وَالَّذِينَ يُؤْتُونَ مَا آتَوا

اور جو لوگ اپنے رب کے ساتھ شریک نہیں ٹھہراتے * اور جو لوگ کہ دیتے ہیں جو دیتے ہیں

وَّقُلُوبُهُمْ وَجِلَةٌ أَنَّهُمْ إِلَىٰ رَبِّهِمْ رَاجِعُونَ ۙ ۶۱ أُولَٰئِكَ يُسَارِعُونَ

اور انکے دلوں میں ڈر ہی کہ انکو اپنے رب کی طرف پھر جانا ہے * وے دوڑ دوڑ لیتے ہیں

فِي الْخَيْرَاتِ وَهُمْ لَهَا سَابِقُونَ ۝ ۶۲ وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا

بھلائیاں اور وے انپر پہنچے سب سے آگے * اور ہم کسی پر بوجھ نہیں ڈالتے مگر جو اسکی سمائی ہے *

۶۳ وَلَدَيْنَا كِتَابٌ يَنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝ بَلْ قُلُوبُهُمْ

اور ہمارے پاس لکھا ہی جو بولتا ہی سچ اور انپر ظلم نہ ہوگا * کوئی نہیں انکے دل

فِي غَمْرَةٍ مِنْ هَٰذَا وَلَهُمْ أَعْمَالٌ مِنْ دُونِ ذَٰلِكَ هُمْ لَهَا عَامِلُونَ ۝

بیہوش ہیں اس طرف سے اور انکو اور کام لگ رہے ہیں اسکے سوائے کہ وے انکو کر رہے ہیں *

۶۴ حَتَّىٰ إِذَا أَخَذْنَا مُتْرَفِيهِمْ بِالْعَذَابِ إِذَا هُمْ يَجْأَرُونَ ۝

یہاں تک کہ جب پکڑینگے ہم انکے آسودہ لوگونکو آفت میں تبھی وے لگینگے چلانے *

۶۵ لَا تَجْأَرُوا الْيَوْمَ قف إِنَّكُمْ مِنَّا لَا تُنْصَرُونَ ۝ ۶۶ قَدْ كَانَتْ

مت چلاؤ آج کے دن * تم ہم سے چھڑائے نہ جاؤ گے * سنائی جاتی تھیں

آيَاتِي تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلَىٰ أَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُونَ ۝

میری آیتیں تمکو تو تم الٹے پاؤں پر الٹے بھاگتے تھے *

۶۷ مُسْتَكْبِرِينَ بِهِ سَامِرًا تَهْجُرُونَ ۝ ۶۸ أَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ

اس سے بڑائی کرکر * ایک کہانی والے کو چھوڑ کر چلے گئے * سو کیا دھیان نہیں کی یہ بات

۶۹ أَمْ جَاءَهُمْ مَا لَمْ يَأْتِ آبَاءَهُمُ الْأَوَّلِينَ ۝ أَمْ لَمْ يَعْرِفُوا رَسُولَهُمْ

یا آیا ہی ان پاس جو نہ آیا تھا انکے پہلے باپ دادوں پاس * ف * یا پہچانا نہیں انہوں نے اپنا پیغام لانیوالا

۷۰ فَهُمْ لَهُ مُنْكِرُونَ ۝ أَمْ يَقُولُونَ بِهِ جِنَّةٌ ط بَلْ جَاءَهُمْ

سو اسکو اوپری سمجھتے ہیں * ف * یا کہتے ہیں اسکو سودا ہی * کوئی نہیں وہ لایا ہے انکے پاس

جو اس وقت کے لوگون میں بگاڑ تھا سو اوپر فرمایا ہی * پیچھے لوگون نے جانا انکا حکم جدا جدا ہی * آخر ہمارے پیغمبر کے ہاتھ سب بگاڑ کا سنوار اور اکٹھا بنا دیا * اب سب دین ملکر ایک دین ہو گیا

ف * یعنے کیا عاقبت وہاں قبول ہوا یا نہ ہوا آگے کام آوے نہ آوے * دیتے ہیں * یعنے الله کی راہ میں خرچ کرتے ہیں

دوسرا ترجمہ
حالانکہ رات کو کہانی کہتے ہو بیہودہ کہتے ہو

ف * بات دھیان نہیں کی * یعنے قرآن میں فکر نہیں کرتے اور نصیحت کرنے والے ہمیشہ ہوتے رہتے ہیں پیغمبر ہوئے یا پیغمبر کے نایب ہوئے

ف * یعنے ہمیشہ اس رسول کی

۷۱ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ۝ وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ

سچی بات اور ان بہتونکو سچی بات بُری لگتی ہی * اور اگر سچا رب

اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ط

چلے اُنکی خوشی پر خراب ہوں آسمان و زمین اور جو کوئی اُن کے بیچ ہی

بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝

کوئی نہیں ہم نے پہنچائی ہی اُنکو اُنکی نصیحت سو وے اپنی نصیحت کو دھیان نہیں کرتے *

۷۲ اَمْ تَسْئَلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ق وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝

یا تو اُنسے مانگتا ہی کچھ حاصل سو حاصل تیرے رب کا بہتر ہی * اور وہی بہتر روزی دینے والا *

۷۳ وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ ۷۴ وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

اور تو تو بلاتا ہی اُنکو سیدھی راہ پر * اور جو لوگ نہیں مانتے

۷۵ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ۝ وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا

پچھلا گھر راہ سے ٹیڑھے ہوئے ہیں * اور اگر ہم اُنکو رحم کریں اور کھول دیں

۷۶ مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ

جو تکلیف ہی اُنپر مقرر لگے جاویں اپنی شرارت میں بہکے * ف * اور ہم نے پکڑا تھا اُنکو

۷۷ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ۝ حَتّٰى اِذَا

آفت میں پھر نہ دبے اپنے رب کے آگے اور نہیں گڑگڑاتے * یہاں تک کہ جب

ربع ۷۸ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ۝ وَهُوَ

ع ۵ کھولینگے ہم اُنپر دروازہ ایک سخت آفت کا تب اُسمیں اُنکی آس ٹوٹیگی * ف * اور اُسی نے

الَّذِيْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ ط قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝

بنادیئے تمکو کان اور آنکھیں اور دل تم بہت تھوڑا حق مانتے ہو *

۷۹ وَهُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِى الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ ۸۰ وَهُوَ الَّذِيْ

اور اُسی نے تمکو بکھیر رکھا ہی زمین میں اور اُسی کی طرف جمع ہو کر جاؤ گے * اور وہی ہی

جو اُن حضرت سے واقف ہیں * اور اُسکی سچائی اور نیکی جان رہے ہیں

ف * حضرت کی دعا سے ایک بار مکے کے لوگوں پر قحط پڑا تھا پھر حضرت ہی کی دعا سے کھلا * شاید یہہ اُسپر فرمایا

ف * شاید وہ دروازہ لڑائی کا کھلا جسمیں تھک کر عاجز ہوئے

يحيي ويميت وله اختلاف اليل والنهار ط افلا تعقلون ۝

جلاتا اور مارتا اور اُسی کا کام ہی بدلنا رات اور دن کا سو کیا تم کو بوجھ نہیں *

بل قالوا مثل ما قال الاولون ۝ قالوا ءاذا متنا وكنا ترابا ۸۱ ۸۲

کوئی نہیں یہ وہی کہتے ہیں جیسا کہہ چکے ہیں پہلے * کہتے ہیں کیا جب ہم مر گئے اور ہو گئے مٹی

وعظاما ءانا لمبعوثون ۝ لقد وعدنا نحن واباؤنا هذا ۸۳

اور ہڈیاں کیا ہم کو جلا اٹھانا ہے * وعدہ مل چکا ہم کو اور ہمارے باپ دادوں کو یہی

من قبل ان هذا الا اساطير الاولين ۝ قل لمن الارض ۸۴

پہلے سے اور کچھ نہیں یہ نقلیں ہیں پہلوں کی * تو کہہ کس کی ہے زمین

ومن فيها ان كنتم تعلمون ۝ سيقولون لله ط قل افلا تذكرون ۝ ۸۵

اور جو کوئی اس میں ہے بتاؤ اگر تم جانتے ہو * اب کہینگے اللہ کو * تو کہہ پھر تم سوچ نہیں کرتے *

قل من رب السموات السبع ورب العرش العظيم ۝ سيقولون ۸۶ ۸۷

تو کہہ کون ہے مالک سات آسمانوں کا اور مالک اس بڑے تخت کا * اب بتاوینگے

لله ط قل افلا تتقون ۝ قل من بيده ملكوت كل شيء ۸۸

اللہ کو * تو کہہ پھر تم ڈر نہیں رکھتے * تو کہہ کس کے ہاتھ ہے حکومت ہر چیز کی

وهو يجير ولا يجار عليه ان كنتم تعلمون ۝ سيقولون لله ط ۸۹

اور وہ بچا لیتا ہے اور اس پر سے کوئی بچا نہیں سکتا بتاؤ اگر تم جانتے ہو * اب بتاوینگے اللہ کو *

قل فانى تسحرون ۝ بل اتينٰهم بالحق وانهم لكٰذبون ۝ ۹۰

تو کہہ پھر کہاں سے تم پر جادو پڑ جاتا ہے * کوئی نہیں ہم نے اُن کو پہنچایا سچ اور وہ البتہ جھوٹے ہیں *

ما اتخذ الله من ولد وما كان معه من اله اذا لذهب ۹۱

اللہ نے کوئی بیٹا نہیں کیا اور نہ اس کے ساتھ کسی کا حکم چلے یوں ہوتا تو لیجاتا

كل اله بما خلق ولعلا بعضهم على بعض ط سبحٰن الله

ہر حکم والا اپنے بنائے کو اور چڑھ جاتا ایک پر ایک * اللہ نرالا ہے

۹۲ عَمَّا يَصِفُونَ ۙ عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَتَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ ۝

اُنکے بتانے سے * جاننے والا چھپے اور کھلے کا * وہ بہت اوپر ہی اُس سے جو یے شریک بتاتے ہیں *

ع ۶ ۹۳ ۹۴ قُل رَّبِّ إِمَّا تُرِيَنِّي مَا يُوعَدُونَ ۙ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِي

تو کہہ ای رب کبھی تو دکھاوے مجکو جو اِن کو وعدہ ملتا ہی * تو ای رب مجکو نہ کر یو

۹۵ فِي الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝ وَإِنَّا عَلَىٰ أَن نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقَادِرُونَ ۝

اُن گنہ گار لوگوں میں * ف * اور ہمکو قدرت ہی کہ تجکو دکھادیں جو وعدہ اُن کو دیتے ہیں *

۹۶ ادْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ۚ نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَصِفُونَ ۝

بری بات کے سواے میں وہ کہہ جو بہتر ہی * ہم خوب جانتے ہیں جو یے بتاتے ہیں *

۹۷ ۹۸ وَقُل رَّبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ ۙ وَأَعُوذُ بِكَ

اور کہہ ای رب میں تیری پناہ چاہتا ہوں شیطانوں کی چھیڑ سے اور پناہ تیری چاہتا ہوں

۹۹ رَبِّ أَن يَحْضُرُونِ ۝ حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ

ای رب اِس سے کہ میرے پاس آویں * ف * یہاں تک کہ جب پہنچے اُنمیں کسیکو موت کہے گا

۱۰۰ رَبِّ ارْجِعُونِ ۙ لَعَلِّي أَعْمَلُ صَالِحًا فِيمَا تَرَكْتُ ۚ كَلَّا ۚ إِنَّهَا

ای رب مجکو پھیر بھیجو * شاید میں کچھ بھلا کام کروں اُسمیں جو پیچھے چھوڑ آیا کوئی نہیں * یہہ

۱۰۱ كَلِمَةٌ هُوَ قَائِلُهَا ۖ وَمِن وَرَائِهِم بَرْزَخٌ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ۝

بات ہی کہ وہی کہتا ہی اور اُنکے پیچھے آڑ کا دی جس دن تک اُٹھاے جاوینں * ف *

فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ فَلَا أَنسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَلَا يَتَسَاءَلُونَ ۝

پھر جس وقت پھونک مارے صور میں تو نہ ذاتیں اُس دن بیچ آپس میں پوچھنا * ف *

۱۰۲ ۱۰۳ فَمَن ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ وَمَنْ خَفَّتْ

سو جسکی بھاری ہوئیں تولیں وہی لوگ کام لے نکلے * اور جسکی ہلکی ہوئیں

مَوَازِينُهُ فَأُولَٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ فِي جَهَنَّمَ

تولیں سو وہی ہیں جو ہار بیٹھے اپنی جان دوزخ میں

ف * یعنے دنیا کی آفت میں شامل نہ کریو

ف * چھیڑ شیطان کی ہی کہ دین کے جواب و سوال میں غصہ چڑھے اور لڑائی ہو پڑے * اِس پر فرمایا کہ بُرے کا جواب دے اُس سے بہتر

ف * معلوم ہوا یہہ جو لوگ کہتے ہیں آدمی مرکر پھر آتا ہی سب غلط ہی * قیامت کو اُٹھیگے اُس سے پہلے ہرگز نہیں

ف * یعنے ناتا ایک دوسرے کے شامل نہیں * ہرایک سے اُسکے عمل کا حساب ہی

ف * جلتے جلتے بدن سوج جاویگا نیچے کا ہونٹھ ناف تک اور اوپر کا کھوپری تک اور زبان گھسٹتی زمین میں لوگ اُسکو روندینگے

خَالِدُونَ ۞ تَلْفَحُ وُجُوهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيهَا كَالِحُونَ ۞ أَلَمْ تَكُنْ ۱۰۴ ۱۰۵

رہا کرینگے * مارتی ہیں اُنکے منہہ پر آگ اور وے اُس میں بدشکل ہو رہے ہیں * ف تمکو سناتے

آيَاتِي تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ فَكُنتُم بِهَا تُكَذِّبُونَ ۞ قَالُوا رَبَّنَا غَلَبَتْ ۱۰۶

نتھے ہماری آیتیں پھر تم اُنکو جھٹلاتے تھے * بولے ای رب زور کیا ہم پر

عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَالِّينَ ۞ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْهَا فَإِنْ ۱۰۷

ہماری کم بختی نے اور رہے ہم لوگ بہکے * ای رب نکال لے ہمکو اِس میں

عُدْنَا فَإِنَّا ظَالِمُونَ ۞ قَالَ اخْسَئُوا فِيهَا وَلَا تُكَلِّمُونِ ۞ ۱۰۸

سے اگر ہم پھر کریں تو گنہگار * فرمایا پڑے رہو پھٹکارے اِس میں اور مجھسے نہ بولو *

إِنَّهُ كَانَ فَرِيقٌ مِّنْ عِبَادِي يَقُولُونَ رَبَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ۱۰۹

ایک فرقہ تھا میرے بندوں میں جو کہتے تھے ای رب ہمارے ہم یقین لائے سو معاف کر ہمکو

وَارْحَمْنَا وَأَنتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ ۞ فَاتَّخَذْتُمُوهُمْ سِخْرِيًّا ۱۱۰

اور مہر کر ہم پر اور تو سب مہر والوں سے بہتر * پھر تم نے اُنکو ٹھٹھوں میں پکڑا

حَتَّىٰ أَنسَوْكُمْ ذِكْرِي وَكُنتُم مِّنْهُمْ تَضْحَكُونَ ۞

یہاں تک کہ بھولے اُن کے پیچھے میری یاد اور تم اُن سے ہنستے رہے *

إِنِّي جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوا أَنَّهُمْ هُمُ الْفَائِزُونَ ۞ قَالَ كَمْ ۱۱۱ ۱۱۲

میں نے آج دیا اُنکو بدلا اُنکے سہنے کا کہ وہی ہیں مراد کو پہنچے * فرمایا تم

لَبِثْتُمْ فِي الْأَرْضِ عَدَدَ سِنِينَ ۞ قَالُوا لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۱۱۳

کتنی دیر رہے زمین میں برسوں کی گنتی سے * بولے ہم رہے ایک دن یا کچھ دن سے کم تو پوچھ لے

فَاسْأَلِ الْعَادِّينَ ۞ قَالَ إِن لَّبِثْتُمْ إِلَّا قَلِيلًا لَّوْ أَنَّكُمْ كُنتُمْ ۱۱۴

گنتی والوں سے * ف * فرمایا تم اُس میں بہت نہیں تھوڑا ہی رہے ہو اگر تم

تَعْلَمُونَ ۞ أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا ۱۱۵

جانتے ہوتے * سو کیا تم خیال رکھتے ہو کہ ہم نے تمکو بنایا کھیلنے کو اور تم ہم پاس

ف * یعنی فرشتوں سے * جنھوں نے نیکی اور بدی گن رکھی یہہ بھی گنا ہوگا * زمین میں رہنا * یعنی قبر میں رہنا * یا دنیا کی عمر یہہ بھی وہاں تھوڑی

۱۱۶ لَا تُرْجَعُوْنَ ۞ فَتَعَالَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ

پھر نہ آؤ گے۔ف۔ سو بہت اوپر ہی اللہ وہ پادشاہ سچا کوئی حاکم نہیں اُسکے سوائے۔ مالک

۱۱۷ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۞ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ

اُس خاصے تخت کا۔ اور جو کوئی پکارے اللہ کے ساتھہ دوسرا حاکم جسکی

لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۞

سند نہین اُسکے پاس سو اُسکا حساب ہی اُسکے رب کے نزدیک۔ بیشک بھلا نپاوینگے منکر*

۱۱۸ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۞

اور تو کہہ اے رب معاف کر اور مہر کر اور تو ہی بہتر سب مہروالون سے

کلمات سورۃ النور مدنیہ وھی اربع وستون اٰیۃ حروف
۱۳۱۶ سورت نور مدنی ہے چونسٹھہ آیت کی ۵۶۸۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ع۷ سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ

ایک سورہ ہی ہم نے اُتاری اور ذمے پر لازم کی اور اُتارین اُسمین باتین صاف شاید تم

۲ تَذَكَّرُوْنَ ۞ اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ

یاد رکھو۔ بدکاری کرنے والی عورت اور مرد سو مارو ایک ایک کو دونون مین سے

مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۠ وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ

سو چوٹ تمہیں کی اور نہ آوے تمکو اُن پر ترس اللہ کے حکم چلانے مین اگر تم

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ

یقین رکھتے ہو اللہ پر اور پچھلے دن پر * اور دیکھین اُن کا مارنا کچھہ لوگ

۳ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۞ اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۫ وَّالزَّانِيَةُ

مسلمان۔ بدکار مرد نہیں بیاہتا مگر عورت بدکار کو یا شریک والی۔ اور بدکار عورت کو

نظر آویگی۔ یہہ پوچھنا اسواسطے کہ دنیا مین عذاب کی شتابی کرتے تھے * اب جانا کہ شتاب ہی آیا

ف۔ یعنے دنیا مین تو نیکی اور بدی کا اثر نہین ماتا۔ اگر دوسرا دن نہ ہو بدلے کا تو یہہ سب کھیل تھا

لَا يَنْكِحُهَا إِلَّا زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ ج وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ ۝

بیاہ نہیں لیتا مگر بدکار مرد یا شریک والا * اور یہہ حرام ہوا ہی ایمان والون پر * ف *

۴ وَالَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوا بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ

اور جو لوگ عیب لگاتے ہیں قید والیون کو پہر نہ لائے چار مرد شاہد تو مارو اُنکو

فَاجْلِدُوهُمْ ثَمَانِينَ جَلْدَةً وَلَا تَقْبَلُوا لَهُمْ شَهَادَةً أَبَدًا ج

اَسّی چوٹ قمچی کی اور نہ مانو اُنکی کوئی گواہی کبھی *

۵ وَأُولٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ۝ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ

اور وہی لوگ ہیں بے حکم * ف * مگر جنھون نے توبہ کی اُس پیچھے

۶ وَأَصْلَحُوا فَإِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ وَالَّذِينَ يَرْمُونَ أَزْوَاجَهُمْ

اور سنوار پکڑی تو اللہ بخشتا ہی مہربان * اور جو لوگ عیب لگاوتین اپنی جورؤن کو

وَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ شُهَدَاءُ إِلَّا أَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ أَحَدِهِمْ

اور شاہد نہ ہون اُنکے پاس سوائے اُنکی جان کے تو ایسے کسی کی گواہی

۷ أَرْبَعُ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ إِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ ۝ وَالْخَامِسَةُ

یہہ کہ چار گواہی دوین اللہ کے نام کی مقرر یہہ شخص سچّا ہی * اور پانچوین

۸ أَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مِنَ الْكَاذِبِينَ ۝ وَيَدْرَؤُا

یہہ کہ اللہ کی پھٹکار ہو اُس شخص پر اگر وہ جھوٹھا ہو * اور عورت سے

عَنْهَا الْعَذَابَ أَنْ تَشْهَدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ إِنَّهُ لَمِنَ

ٹلتی ہی مار یون کہ گواہی دے چار گواہی اللہ کے نام کی کہ مقرر وہ شخص

۹ الْكَاذِبِينَ ۝ وَالْخَامِسَةَ أَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَا إِنْ كَانَ

جھوٹھا ہی * اور پانچوین یہہ کہ اللہ کا غضب آوے اُس عورت پر اگر وہ شخص

۱۰ مِنَ الصَّادِقِينَ ۝ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللّٰهَ

سچّا ہو * اور کبھی نہوتا اللہ کا فضل تمہارے اُوپر اور اُسکی مہر اور یہہ کہ اللہ

ف * مرد اگر بدکار ہو تو عورت
پارسا نہ بیاہ لاوے * اور اگر نیک
ہو تو عورت بدکار نہ لاوے دو
واسطے * ایک یہہ کہ اُسکا کفو
نہیں اُسکو عار ہی * دوسرے
یہہ کہ ایک سے دوسرے کو
علت نہ لگ جاوے * لیکن اگر
کرے تو درست ہی * مگر مرد کو
عورت بدکار نہیں درست
جب تک کہ بدکاری کرتی رہے *
اور اگر توبہ کرے تو درست ہی

ف * قید والیان * یعنے کبھی
اُنکو بُری بات سنی نہین دیکھا *
اور یہی حکم ہی جو مرد کو عیب
لگاوے * عیب کہا ہی بدکاری کو

تَوَّابٌ حَكِيمٌ ۝ ١١ إِنَّ الَّذِينَ جَاؤُا بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ

معاف کرنیوالا ہی حکمتین جانتا تو کیا کچھ ہوتا * ف ١ * جو لوگ لائے ہین یہہ طوفان تمہین مین

ع ٨

مِنْكُمْ ط لَا تَحْسَبُوهُ شَرًّا لَكُمْ ط بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَكُمْ ط

ایک جماعت ہین تم اُسکو نہ سمجھو برا اپنے حق مین * بلکہ یہہ بہتر ہی تمہارے حق مین *

لِكُلِّ امْرِئٍ مِنْهُمْ مَا اكْتَسَبَ مِنَ الْإِثْمِ ج وَالَّذِي تَوَلّٰى

ہر آدمی کو اُن مین سے پہنچتا ہی جتنا کمایا گناہ * اور جن نے اُٹھایا ہی

كِبْرَهُ مِنْهُمْ لَهُ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ ١٢ لَوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ ظَنَّ

اُسکا بڑا بوجھ اُسکو بڑی مار ہی * ف ٢ * کیون نہ جب تم نے اُسکو سنا تھا خیال

الْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بِأَنْفُسِهِمْ خَيْرًا وَقَالُوا هٰذَا إِفْكٌ مُبِينٌ ۝

کیا ہوتا ایمان والے مردون اور عورتون نے اپنے لوگو پر بھلا خیال اور کہا ہوتا یہہ صریح طوفان ہی *

١٣ لَوْلَا جَاؤُا عَلَيْهِ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ ج فَإِذْ لَمْ يَأْتُوا بِالشُّهَدَاءِ

کیون نہ لائے وے اِس بات پر چار شاہد * پھر جب نہ لائے شاہد تو وے

فَأُولٰئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ الْكَاذِبُونَ ۝ ١٤ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ

لوگ اللہ کے یہان وہی ہین جھوٹے * ف ٣ * اور کبھی نہ ہوتا اللہ کا فضل

عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِيمَا أَفَضْتُمْ

تم پر اور اُسکی مہر دنیا اور آخرت مین البتہ تم پر پڑتی اِس چرچا کرنے مین

فِيهِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ج ١٥ إِذْ تَلَقَّوْنَهُ بِأَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُولُونَ بِأَفْوَاهِكُمْ

کوئی آفت بڑی * ف ٤ * جب لینے لگے تم اُسکو اپنی زبانو پر اور بولنے لگے اپنے مُنہہ سے

مَا لَيْسَ لَكُمْ بِهِ عِلْمٌ وَتَحْسَبُونَهُ هَيِّنًا ق وَهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيمٌ ۝

جس چیز کی تمکو خبر نہین اور تم سمجھتے ہو اُسکو ہلکی بات اور یہہ اللہ کے یہان بہت بڑی ہی *

النصف

١٦ وَلَوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ قُلْتُمْ مَا يَكُونُ لَنَا أَنْ نَتَكَلَّمَ بِهٰذَا

اور کیون نہ جب تم نے اُسکو سنا تھا کہا ہوتا ہمکو لایق نہین کہ مُنہہ پر لاوین یہہ بات

ف ١ * اُسکے بعد ذکر ہی ایک طوفان کا جو حضرت کے وقت مین اُٹھا حضرت عایشہ پر * پیغمبر ایک جہاد سے پھر آتے تھے رات سے کوچ ہوا فجری اور نقارہ نہ تھا * ام المومنین نکل گئی تھین حاجت کو پیچھے رہ گئین * ایک مسلمان لشکر سے پیچھے چلتا تھا حضرت کے حکم سے * گرا پڑا اُٹھانے کو * اُنکو دیکھا تمامارہ گئین اونٹ پر سوار کیا آپ مہار پکڑ کر لشکر مین لا پہنچایا کمبخت منافق لگے اپنے روسیاہ کرنے * ایک مہینے تک یہہ چرچا رہا * پیغمبر بھی سنتے اور بغیر تحقیق کچھ نہ کہتے لیکن دل مین خفہ رہتے * مہینے کے بعد جب ام المومنین نے سنا اُنکو نہایت غم اُٹھا * تین دن روتے روتے دم نہ لیا * تب اللہ تعالی نے یہہ اگلی آیتین بھیجین دو رکوع تک ف ٢ * تمکو بہتر ہی اِسواسطے کہ اللہ کے فرمانے سے اور تمکو بزرگی ملی * اور جتنا کمایا گناہ * یعنے بعضے خوشیان کر کر کہتے * بعضے انسوس کر کر * بعضے چھیڑ کر مجلس مین چرچا اُٹھا کر آپ چپکے سنا کرتے * بعضے سنکر تامل مین چپ رہ جاتے * بعضے صاف جھٹلا دیتے * اِن پچھلون کو پسند کیا * اور سب کو تھوڑا

سُبْحَانَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيمٌ ۝ يَعِظُكُمُ اللّٰهُ أَنْ تَعُودُوا لِمِثْلِهِ أَبَدًا ۱۷

الله تو پاک ہی یہہ بڑا بہتان ہی ۰ الله تمکو سمجھاتا ہی کہ پھر نہ کرو ایسا کام کبھی

إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ۝ وَيُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْآيَاتِ ط وَاللّٰهُ عَلِيمٌ ۱۸

اگر تم یقین رکھتے ہو * اور کھولتا ہی الله تمہارے واسطے پتے اور الله سب جانتا ہی

حَكِيمٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ يُحِبُّونَ أَنْ تَشِيعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِينَ آمَنُوا ۱۹

حکمت والا * ف۰ ۰ جو لوگ چاہتے ہیں کہ چرچا ہو بدکاری کا ایمان والوں میں

لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ط وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ۝

انکو دکھہ کی مار ہی دنیا اور آخرت میں ۰ اور الله جانتا ہی اور تم نہیں جانتے *

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللّٰهَ ۲۰

اور کبھی نہ ہوتا الله کا فضل تم پر اور اسکی مہر اور یہہ کہ الله نرمی کرنیوالا ہی

رَءُوفٌ رَحِيمٌ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّبِعُوا ۲۱

مہربان تو کیا کچھہ نہیں ہوتا ۰ ای ایمان والو نہ چلو قدموں پر

خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ ط وَمَنْ يَتَّبِعْ خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ

شیطان کے اور جو کوئی چلیگا قدموں پر شیطان کے

فَإِنَّهُ يَأْمُرُ بِالْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ ط وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

سو وہ بہی بتاویگا بیحیائی اور بری بات اور کبھی نہ ہوتا فضل الله کا تم پر

وَرَحْمَتُهُ مَا زَكَىٰ مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ أَبَدًا وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّي

اور اسکی مہر نہ سنورتا تم میں ایک شخص کبھی و لیکن الله سنوارتا ہی

مَنْ يَشَاءُ ط وَاللّٰهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ وَلَا يَأْتَلِ أُولُو الْفَضْلِ مِنْكُمْ ۲۲

جسکو چاہے ۰ اور الله سب سنتا جانتا ہی * اور قسم نہ کھاویں بڑائی والے اور کشایش والے تم میں

وَالسَّعَةِ أَنْ يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبَىٰ وَالْمَسَاكِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ

اِسپر کہ دیویں ناتے والوں کو اور محتاجوں کو اور وطن چھوڑنیوالوں کو

بہت الزام دیا * اور بڑا بوجھہ
اُٹھایا ہو الا عبد الله ابن ابی تھا
منافقوں کا سردار
ف۳ ۰ چاہیے مسلمان کو کہ جب
لوگ ایک نیک شخص کو
بُری تہمتیں لگاویں انکو جھٹلاوے ۰
پیغمبر خدا نے فرمایا جو کوئی
پیٹھہ پیچھے بہائی مسلمان کی مدد
کرے الله اسکی پیٹھہ پیچھے
مدد کرے ۰ اور بے تحقیق تہمتیں لگانی
ایمان سے بعید ہی
ف۴ ۰ یعنے الله نے اِس
اُمت کو پیغمبر کے طفیل دنیا کے
عذابوں سے بچایا ہی ۰ نہیں تو یہہ
بات قابل تھی عذاب کے
ف۵ * یعنے پتا اسکا کہ یہہ طوفان
اُٹھایا کسنے ۰ معلوم ہوا کہ
منافقوں نے * جو ہمیشہ چھپے
دشمن تھے ۰ اگلی آیت میں
پتا بتادیا

فِي سَبِيلِ اللّٰهِ صلے وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا ط أَلَا تُحِبُّونَ أَنْ

اللہ کی راہ مین • اور چاہئے معاف کرین اور درگذر کرین • کیا تم نہیں چاہتے

۲۳ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ط وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنَاتِ

کہ اللہ تمکو معاف کرے • اور اللہ بخشنے والا ہی مہربان • ف • جو لوگ عیب لگاتے ہین قیدوالی

الْغَافِلَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ لُعِنُوا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ص وَلَهُمْ

بیخبر ایمان والیونکو اُن کو پھٹکار ہی دنیا اور آخرت مین • اور اُنکو ہی

۲۴ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ لا يَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ أَلْسِنَتُهُمْ وَأَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُمْ

بڑی مار • جسدن بتا دینگی اُنکی زبانین اور ہاتھ اور پانون

۲۵ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ يَوْمَئِذٍ يُوَفِّيهِمُ اللّٰهُ دِينَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُونَ

جو کچھ وے کرتے تھے • اُس دن پوری دیگا اللہ اُنکی سزا جو چاہئے اور جانینگے

۲۶ أَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِينُ ۝ الْخَبِيثَاتُ لِلْخَبِيثِينَ وَالْخَبِيثُونَ

اللہ وہی ہی سچا کھولنے والا • گندیان ہین گندونکے واسطے اور گندے واسطے

لِلْخَبِيثَاتِ ج وَالطَّيِّبَاتُ لِلطَّيِّبِينَ وَالطَّيِّبُونَ لِلطَّيِّبَاتِ ج

گندیون کے • اور ستھریان ہین واسطے ستھرون کے اور ستھرے واسطے ستھریون کے •

أُولٰئِكَ مُبَرَّءُونَ مِمَّا يَقُولُونَ ط لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ۝

وے لوگ بے لگاو ہین اُن باتون سے جو کہتے ہین • اُنکو بخشش ہی اور روزی ہی عزت کی • ف •

۲۷ ع ۱۰ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتًا غَيْرَ بُيُوتِكُمْ حَتّٰى

ای ایمان والو مت جایا کرو کسی گھرون مین اپنے گھرونکے سوائے جب تک

تَسْتَأْنِسُوا وَتُسَلِّمُوا عَلٰى أَهْلِهَا ط ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ

نہ بول چال کر لو اور سلام دے لو اُن گھر والون پر • یہہ بہتر ہی تمہارے حق مین

۲۸ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝ فَإِنْ لَمْ تَجِدُوا فِيهَا

شاید تم یاد رکھو • ف • پھر اگر نہ پاؤ اُس مین کوئی

ف • جب طوفان اٹھانیوالے چھوٹے پڑے اور اُنکو حد ماری گئی اسّی کوڑے • اُن مین دو مین مسلمان تھے ایک شخص تھا مسطح ابو بکر صدیق کا بھانجا مفلس بے اُسکی خبر لیتے تھے • اب سے قسم کھائی کہ اُسکو مین کچھ نہ دونگا • اللہ نے اُسکی سفارش بھیجی • وہ تھا مہاجرین سے اہل بدر کے • بڑائی والے کہا صدیق اکبر کو • جو اُنکی برائی نہ مانے اللہ سے جھگڑے • پھر اُنھون نے قسم کھائی کہ جو دیتا تھا کبھی بند نہ کرونگا

ف • ابن عباس نے کہا کسی پیغمبر کی عورت بدکار نہین ہوئی • یعنے اللہ اُنکے ناموس کی نگہبانی کرتا ہی

ف • یعنے بے خبر کسی کے گھر

اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ قِيْلَ لَكُمُ
تو اُس مین نہ جاؤ جب تک پروانگی نہو تمکو * اور اگر تمکو کہے کہ
ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ۚ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۝
پھر جاؤ تو پھر جاؤ اِس مین خوب ستھرائی ہی تمھاری * اور اللہ جو کرتے ہو جانتا ہی * ف *
۲۹ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ
نہین گناہ تم پر اِس مین کہ جاؤ اُن گھرون مین جہان کوئی نہین بستا اُس مین کچھ چیز ہو
لَّكُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ۝ قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ
۳۰ تمھاری * اور اللہ کو معلوم ہی جو کھولتے ہو اور جو چھپاتے ہو * ف * کہہ دے ایمان والون کو
يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ۚ ذٰلِكَ اَزْكٰى
نیچی رکھین تک اپنی آنکھین اور تھامے رہین اپنی ستر * اِس مین خوب ستھرائی ہی
لَهُمْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝ وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ
۳۱ اُنکی * اللہ کو خبر ہی جو کرتے ہین * ف * اور کہہ دے ایمان والیون کو نیچی رکھین
مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا
تک اپنی آنکھین اور تھامتی رہین اپنی ستر اور نہ دکھاوین اپنا سنگار مگر
مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ۖ وَلَا يُبْدِيْنَ
جو کھلی چیز ہی اُس مین سے اور ڈالین اپنی اوڑھنی اپنے گریبان پر * اور نہ کھولین
زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ
اپنا سنگار مگر اپنے خاوند کے آگے یا اپنے باپ کے یا اپنے خاوند کے باپ کے یا اپنے بیٹے کے
اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ
یا خاوند کے بیٹے کے یا اپنے بھائی کے یا اپنے بھتیجون کے یا اپنے
اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التّٰبِعِيْنَ
بھانجون کے یا اپنی عورتون کے یا اپنے ہاتھ کے مال کے یا کمیرون کے

مین نہ گھس جاوے * کیا جانے وہ کس حال مین ہی * اول آواز دیوے اور سب سے بہتر آواز سلام کی

ف * کوئی گھر مین نہو اور پروانگی دیوے گھر ہو تو خالی گھر مین چلے جاؤ * اور نہ دی ہو تو نہ جاؤ اور پھر جاؤ کہے سے برا نہ مانو * اِس مین آپس کی ملاقات صاف رہتی ہی * ایک کا دوسرے پر بوجھ نہین پڑتا

ف * شاید سننے والون کے دل مین آیا ہوگا کہ جس گھر مین کوئی نہین رہتا تو کس سے پروانگی لیوین * یہہ ہر وقت پوچھ کر جانا حد سے گھر والون کو ہی * اور جو ایک گھر کے لوگ ہین جیسے لونڈی اور غلام یا اولاد اُنکو ہر وقت پوچھنا ضرور نہین * مگر تین وقت خلوت کے وہ اِس سورہ کے آخر مین ہی

ف * تھامے رہین ستر * یعنے نہ کسی کا ستر دیکھین نہ اپنا دکھاوین * اور نہ رہی جو کرتے ہین * کفر کے رسم مین اس بات کی قید نہ تھی

غَيْرِ أُولِي الْإِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ أَوِ الطِّفْلِ الَّذِينَ لَمْ يَظْهَرُوا

جو مرد کچھ غرض نہین رکھتے یا لڑکون کے جنھون نے نہین پہچانے

عَلَىٰ عَوْرَاتِ النِّسَاءِ ۖ وَلَا يَضْرِبْنَ بِأَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِينَ

عورتونکے بھید* اور نہ دھمک دین اپنے پانون سے کہ جانا جاوے جو چھپاتی ہین

مِنْ زِينَتِهِنَّ ۚ وَتُوبُوا إِلَى اللَّهِ جَمِيعًا أَيُّهَ الْمُؤْمِنُونَ لَعَلَّكُمْ

اپنا سنگار* اور توبہ کرو اللہ کے آگے سب ملکر ای ایمان والو شاید

۳۲ تُفْلِحُونَ ○ وَأَنْكِحُوا الْأَيَامَىٰ مِنْكُمْ وَالصَّالِحِينَ

تم بھلائی پاؤ* ف* اور بیاہ دو رانڈون کو اپنے اندر اور جو نیک ہون

مِنْ عِبَادِكُمْ وَإِمَائِكُمْ ۚ إِنْ يَكُونُوا فُقَرَاءَ يُغْنِهِمُ اللَّهُ مِنْ فَضْلِهِ ۗ

تمہارے غلام اور لونڈیان اگر وے مفلس ہونگے اللہ انکو غنی کریگا اپنے فضل سے*

۳۳ وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ○ وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ نِكَاحًا

اور اللہ سمائی والا ہی سب جانتا* ف* اور آپکو تھامتے رہین جنکو نہین ملتا بیاہ

حَتَّىٰ يُغْنِيَهُمُ اللَّهُ مِنْ فَضْلِهِ ۗ وَالَّذِينَ يَبْتَغُونَ الْكِتَابَ مِمَّا

جبتک مقدور دے انکو اللہ اپنے فضل سے* اور جو لوگ چاہتے ہین لکھا تمہارے ہاتھ کے

مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوهُمْ إِنْ عَلِمْتُمْ فِيهِمْ خَيْرًا ۖ وَآتُوهُمْ

مال مین سے تو انکو لکھا دیدو اگر سمجھو انمین کچھ نیکی* اور دو انکو

مِنْ مَالِ اللَّهِ الَّذِي آتَاكُمْ ۚ وَلَا تُكْرِهُوا فَتَيَاتِكُمْ عَلَى الْبِغَاءِ

اللہ کے مال سے جو تمکو دیا ہی* اور زور نہ کرو اپنی چھوکریون پر بدکاری کے واسطے

إِنْ أَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِتَبْتَغُوا عَرَضَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَنْ يُكْرِهْهُنَّ

اگر وے چاہتین قید سے رہنا کہ کمایا چاہو اسباب دنیا کی زندگی کا* اور جو کوئی ان پر

۳۴ فَإِنَّ اللَّهَ مِنْ بَعْدِ إِكْرَاهِهِنَّ غَفُورٌ رَحِيمٌ ○ وَلَقَدْ

زور کرے تو اللہ انکی بے بسی پیچھے بخشنے والا ہی مہربان* ف* اور ہمنے

ف* سنگار مین سے کہی چیز* ایسی چیز کہا جیسے چھتے کپڑے اور ہی یا پوشش* یا یہہ کہا کہ عورت کو تھوڑا اس منہہ اور ہاتھہ کی انگلیان اور پانونکا پنجہ کھولنا درست ہی* ناچاری کو پھر ہاتھہ کی مہندی کھلا یا آنکھہ کا کاجل یا انگلی کا چھلا* اور باقی بدن اور گہنا ڈھانکنا ضرور ہی غیر سے* مگر اپنے محرمون سے چھاتی سے زانو تک* اور اپنی عورتین جو نیک چال کی ہون انسے بھی اتنا ضرور ہی* اور بد راہ عورتون سے کنارہ پکڑنا* اور کمیرے جنکو غرض نہین* یعنے کھانے اور سونے مین غرق ہین شوخی نہین رکھتے* اور لڑکا دس برس تک* اور اپنا غلام بھی محرم ہی بہت علما کے نزدیک* اور پانو بھی دھمک سے معلوم ہوتے ہین گھونگھرو یا گجری اور باریک کپڑا جس سے بدن نظر آوے ننگی اور وہ

أَنْزَلْنَا إِلَيْكُمْ آيَاتٍ مُبَيِّنَاتٍ وَمَثَلًا مِنَ الَّذِينَ خَلَوْا

ہم نے اُتارین تمہاری طرف آیتین کھلی اور ایک دستور اُنکا جو ہو چکے ہین

مِنْ قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً لِلْمُتَّقِينَ ۝ اللَّهُ نُورُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ

۳۵ ۱۱ع

تم سے آگے اور نصیحت ڈرنے والونکو * ف۴ * اللہ روشنی ہی آسمانون کی اور زمین کی *

مَثَلُ نُورِهِ كَمِشْكَاةٍ فِيهَا مِصْبَاحٌ ۖ الْمِصْبَاحُ فِي زُجَاجَةٍ ۖ

کہاوت اُسکی روشنی کی جیسے ایک طاق اُسمین ایک چراغ * چراغ دھرا ایک شیشے مین *

الزُّجَاجَةُ كَأَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُوقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ

شیشہ جیسے ایک تارا ہی چمکتا تیل جلتا ہی اُسمین ایک برکت کے درخت سے

زَيْتُونَةٍ لَا شَرْقِيَّةٍ وَلَا غَرْبِيَّةٍ يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ وَلَوْ لَمْ

وہ زیتون ہی نہ سورج نکلنے کی طرف نہ ڈوبنے کی طرف لگتاہی کہ اُسکا تیل سُلگ اُٹھے

تَمْسَسْهُ نَارٌ ۚ نُورٌ عَلَىٰ نُورٍ ۗ يَهْدِي اللَّهُ لِنُورِهِ مَنْ

ابھی نہ لگی ہو اُسمین آگ * روشنی پر روشنی * اللہ راہ دیتا ہی اپنی روشنی کی

يَشَاءُ ۚ وَيَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ ۗ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝

جسکو چاہے * اور بتاتا ہی اللہ کہاوتین لوگون کو * اور اللہ سب چیز جانتا ہی * ف۵

فِي بُيُوتٍ أَذِنَ اللَّهُ أَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيهَا اسْمُهُ يُسَبِّحُ

۳۶

اُن گہرون مین کہ اللہ نے حکم دیا اُنکو بلند کرنے کا اور وہان اُسکے نام پڑھنے کا یاد کرتے ہین

لَهُ فِيهَا بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ ۝ رِجَالٌ لَا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ

۳۷

اُسکی وہان صبح اور شام * وے مرد کہ نہین غافل ہوتے سوداگری مین نہ بیچنے مین

عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ وَإِقَامِ الصَّلَاةِ وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ ۙ يَخَافُونَ

۳۸

اللہ کی یاد سے اور نماز کھڑی رکھنے سے اور زکواۃ دینے سے ڈر رکھتے ہین

يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوبُ وَالْأَبْصَارُ ۝ لِيَجْزِيَهُمُ اللَّهُ أَحْسَنَ

اُس دن کا جسمین اُلٹے جاوینگے دل اور آنکھین * کہ بدلا دے اُنکو اللہ اُنکے بہتر سے

برا ہی * اور اُتنا بھی نہ کہو لے تو بہتر ہی

ف۲ * رسول نے فرمایا ای علی تین کام مین دیر نہ کر نماز فرض کا جب وقت آوے جنازہ جب موجود ہو * رانڈ عورت جب مرد ملے اُسکی ذات کا * جو کوئی دوسرا خاوند کرنے کو عیب دے اُسکا ایمان سلامت نہین * اور جو نیک ہون لونڈی غلام * لینے بیاہ دیے سے مرد نہ ہوجاوین تمہارا کام نہ چھوڑ دین

ف۳ * لکھا چاہین * یعنے کسی کا غلام لونڈی کہے کہ مین اتنی مدت مین اتنا تجکو لا دون تو مجکو آزاد کر * یہہ قرار لکھوالین اِسکو کتابت کہتے ہین * جو اُسمین نیکی دیکھو تو لکھ دے نیکی یہہ کہ آزاد ہوکر قید سے چھوٹ کر چوری بدکاری نہ کریگا * اور دولتمندونکو فرمایا کہ ایسے غلام لونڈی کو مال سے مدد کرو تا آزاد ہوئین * خواہ زکواۃ سے خواہ اور خیرات سے * اور لونڈیوں سے بدکاری کروانی مال کمانے کو برا وبال ہی * خواہ وے خوش ہون خواہ ناخوش ناخوشی برا اور زیادہ * وہ مال سب ناپاک ہی * اور ناخوشی مین لونڈی بے گناہ ہی

ف۴ * یعنے پہلی امتون پر بھی ایسے ہی حکم تھے

مَا عَمِلُوا وَيَزِيدَهُم مِّن فَضْلِهِ ط وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ بِغَيْرِ

بہتر کام کا اور بڑھتی دے اُن کو اپنے فضل سے * اور اللہ روزی دیتا ہی جسکو چاہے

۳۹ حِسَابٍ ۝ وَالَّذِينَ كَفَرُوا أَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍ بِقِيعَةٍ يَحْسَبُهُ

بے شمار * ف۶ * اور جو لوگ منکر ہیں اُنکے کام جیسے ریت جنگل میں پیاسا جانے

الظَّمْآنُ مَاءً ط حَتَّىٰ إِذَا جَاءَهُ لَمْ يَجِدْهُ شَيْئًا وَوَجَدَ اللّٰهَ عِندَهُ

اُسکو پانی یہاں تک کہ جب پہنچا اُسپر اُسکو کچھ نہ پایا اور اللہ کو پایا اپنے پاس

۴۰ فَوَفَّاهُ حِسَابَهُ ط وَاللّٰهُ سَرِيعُ الْحِسَابِ ۝ أَوْ كَظُلُمَاتٍ فِي

پھر اُسکو پورا پہنچا دیا اُسکا لکہا * اور اللہ جلد لینے والا ہی حساب * ف۷ * یا جیسے اندھیرے

بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَغْشَاهُ مَوْجٌ قف مِّن فَوْقِهِ مَوْجٌ قف مِّن فَوْقِهِ سَحَابٌ ط

گہرے دریا میں چڑھی آتی ہی اُسپر ایک لہر * اُسپر ایک لہر * اُسکے اوپر بدلی *

ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ط إِذَا أَخْرَجَ يَدَهُ لَمْ يَكَدْ يَرَاهَا

اندھیرے ہیں ایک پر ایک * جب نکالے اپنا ہاتھ لگتا نہیں کہ اُسکو سوجھے

۴۱ ع۱۲ وَمَن لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهُ نُورًا فَمَا لَهُ مِن نُّورٍ ۝ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ

اور جسکو اللہ نے نہ دی روشنی اُسکو کہیں نہیں روشنی * تو نے نہ دیکھا کہ اللہ کی

يُسَبِّحُ لَهُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالطَّيْرُ صَافَّاتٍ ط كُلٌّ

یاد کرتے ہیں جو کوئی ہیں آسمان و زمین میں اور اُڑتے جانور پر کھولے * ہر ایک نے

قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهُ وَتَسْبِيحَهُ ط وَاللّٰهُ عَلِيمٌ بِمَا يَفْعَلُونَ ۝

جان رکھی ہی اپنی طرح کی بندگی اور یاد * اور اللہ کو معلوم ہی جو کرتے ہیں *

۴۲ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ج وَإِلَى اللّٰهِ الْمَصِيرُ ۝

اور اللہ کی حکومت ہی آسمان و زمین میں * اور اللہ ہی تک پھر جانا ہی *

۴۳ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ يُزْجِي سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهُ ثُمَّ

تو نے نہ دیکھا کہ اللہ ہانک لاتا ہی بادل پھر اُنکو ملاتا ہی پھر

ف۵ * یعنے اللہ سے رونق اور بستی ہی آسمان و زمین کی * اُسکی مدد نہو تو سب ویران موجاوین * اور اللہ کی روشنی کی کہاوت ابن عباس نے کہا * یہہ مومن کے دل میں روشنی ہی کہ پہر دونوں میں ایک سے ایک تیز روشنی رکھا ہی * سب سے اندر تارا سا ہی * اور زیتون نہ شرق کا نہ غرب کا * یعنے باغ کے بیچ کا نہ صبح کی دھوپ کہاوے نہ شام کی خوب ہرا اور چکنا رہے * یا پیغمبر کو فرمایا کہ دل کا نور ملتا ہی اُنسے * وے ملک عرب میں پیدا ہوئے نہ مشرق میں نہ مغرب میں * اُسکا تیل بن آگ سلگنے کو طیار ہی * یعنے مومن کے دل میں بن ریاضت اُنکی صحبت سے روشنی پیدا ہوتی ہی * آگے فرمایا کہ وہ روشنی ملتی ہی اُس سے کہ جن مسجدوں میں کامل لوگ بندگی کرتے ہیں * صبح و شام وہاں لگا رہے

ف۶ * ایمان کی برکت سے مومن کو نیک عمل کا بدلا ہی اور بد عمل معاف * اور کفر کی شامت سے کافر کو بد عمل کی سزا ہی اور نیک عمل خراب * ہی فرمایا کہ بہتر سے بہتر کام کا

ف۷ * کافر دو طرح کے ہیں * ایک عرب کی طرف تاکتے ہیں پھر بہککر اللہ کا دین چھوڑتے ہیں

غلط راہین پارتے ہین * یہہ اُنکی کہاوت ہی * ریت کو پانی سمجھکر دوڑتے وہان پانی نہ ملا آخرت مین اپنے گناہون کی سزا ملی * دوسرے وے ہین جو دریا مین غرق ہین یا نہر پر جیسے ہین اُنکی کہاوت آگے فرمائی * اُن پاس ریت بھی نہین اندھیرے مین بند ہو رہے ہین

يَجْعَلُهُ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلَالِهِ ج وَيُنَزِّلُ

انکو رکھتا ہی تہہ بتہہ پھر تو دیکھے مینہہ نکلتا ہی اُسکے بیچ سے * اور اُتارتا ہی

مِنَ السَّمَاءِ مِنْ جِبَالٍ فِيهَا مِنْ بَرَدٍ فَيُصِيبُ بِهِ مَنْ يَشَاءُ

آسمان سے اُسمین جو پہاڑ ہین اُولون کے * پھر وہ ڈالتا ہی جس پر چاہے

وَيَصْرِفُهُ عَنْ مَنْ يَشَاءُ ط يَكَادُ سَنَا بَرْقِهِ يَذْهَبُ بِالْأَبْصَارِ ۝

اور بچادیتا ہی جسے چاہے * ابھی اُسکی بجلی کی کوند لیجاوے آنکھین *

٤٤ يُقَلِّبُ اللَّهُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ ط إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَعِبْرَةً لِأُولِي الْأَبْصَارِ ۝

الله بدلتا ہی رات اور دن * اِس مین دھیان کی جگہہ ہی آنکھہ والون کو *

٤٥ وَاللَّهُ خَلَقَ كُلَّ دَابَّةٍ مِنْ مَاءٍ ج فَمِنْهُمْ مَنْ يَمْشِي عَلَىٰ بَطْنِهِ ج

اور الله نے بنایا ہر پھرنیوالا ایک پانی سے * پھر کوئی ہی کہ چلتا ہی اپنے پیٹ پر *

وَمِنْهُمْ مَنْ يَمْشِي عَلَىٰ رِجْلَيْنِ ج وَمِنْهُمْ مَنْ يَمْشِي عَلَىٰ أَرْبَعٍ ط

اور کوئی ہی کہ چلتا ہی دو پانون پر * اور کوئی ہی کہ چلتا ہی چار پر *

٤٦ يَخْلُقُ اللَّهُ مَا يَشَاءُ ط إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ لَقَدْ أَنْزَلْنَا

بناتا ہی الله جو چاہتا ہی * بیشک الله ہر چیز کر سکتا ہی * ہم نے اُتارین

آيَاتٍ مُبَيِّنَاتٍ ط وَاللَّهُ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ۝

آیتین کھولکر بتانیوالی * اور الله چلاوے جسکو چاہے سیدھی راہ پر *

٤٧ وَيَقُولُونَ آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالرَّسُولِ وَأَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلَّىٰ فَرِيقٌ مِنْهُمْ

اور لوگ کہتے ہین ہم نے مانا الله کو اور رسول کو اور حکم مین آئے پھر پھرا جاتا ہی ایک فرقہ اُنمین سے

الثلث

مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ ط وَمَا أُولَٰئِكَ بِالْمُؤْمِنِينَ ۝ وَإِذَا دُعُوا إِلَى

اُسکے پیچھے * اور وے لوگ نہین ماننے والے * اور جب اُنکو بلائیے

٤٨ اللَّهِ وَرَسُولِهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ إِذَا فَرِيقٌ مِنْهُمْ مُعْرِضُونَ ۝

الله اور رسول کی طرف کہ اُن مین فیصلہ چکاوے تبھی ایک فرقہ کے لوگ اُنمین منہہ موڑتے ہین *

۴۹ ۵۰ وَاِنْ يَكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ؕ اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ

اور اگر اُنکو کچھہ پہنچتا ہو تو چلے آوین اُسکی طرف قبول کر کر * کیا اُنکے دل مین

مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ يَخَافُوْنَ اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ ؕ

روگ ہین یا دھوکھے مین پڑے ہین یا ڈرتے ہین کہ بے انصافی کریگا اُنپر اللہ اور اُسکا رسول *

۵۱ ع۱۳ بَلْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۠ اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ

کوئی نہین وہی لوگ بے انصاف ہین * ف * ایمان والون کی بات یہہ تھی

اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا

جب بلائے آنا اللہ اور رسول کی طرف فیصلہ کرنے کو اُنمین کہ کہین ہم نے سنا

۵۲ وَاَطَعْنَا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

اور حکم مانا * اور وے لوگ اُنہی کا بھلا ہی * اور جو کوئی حکم پر چلے اللہ کے اور اُسکے رسول کے

۵۳ وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝ وَاَقْسَمُوْا

اور ڈرتا رہے اللہ سے اور بچ کر چلے اُس سے * سو وہی لوگ ہین مراد کو پہنچے * اور قسمین کھاتے ہین

بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ

اپنی تاکید کی قسمین کہ اگر تو حکم کرے تو سب کچھہ چھوڑ نکلین * تو کہہ قسمین نہ کھاؤ

۵۴ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ

حکم برداری چاہئے جو دستور ہی * البتہ اللہ کو خبر ہی جو کرتے ہو * تو کہہ حکم مانو اللہ کا

وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ

اور حکم مانو رسول کا پھر اگر تم منہہ پھیروگے تو اُسکا ذمہ ہی جو بوجھہ اُسپر رکھا اور تمھارا ذمہ

مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ

جو بوجھہ تم پر رکھا * اور اگر اُسکا کہا مانو تو راہ پر آؤ * اور پیغام والے کا ذمہ نہین مگر پہنچا دینا

۵۵ الْمُبِيْنُ ۝ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

کھولکر * وعدہ دیا اللہ نے جو لوگ تم مین ایمان لائے ہین اور کئے ہین نیک کام

ف * دل مین روگ یہہ کہ خدا اور رسول کو سچ مانا لیکن حرص نہین چھوڑتی کہ کچھہ چاہین * جیسے بیمار چاہتا ہی چلے اور پاؤن نہین اٹھتے

لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِنْ

البتہ پیچھے حاکم کریگا اُنکو ملک مین جیسا حاکم کیا تھا اُن سے

قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَ

اگلو نکو * اور جما دیگا اُنکو دین اُنکا جو پسند کردیا اُنکے واسطے اور

لَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ

دیگا اُنکو اُنکے ڈر کے بدلے مین امن * میری بندگی کرینگے شریک نکرینگے

بِي شَيْئًا ۚ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ

میرا کسی کو * اور جو کوئی ناشکری کرے اس پیچھے سو وہی لوگ ہین بے حکم * ف

۵۶ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ

اور کھڑی رکھو نماز اور دیتے رہو زکوۃ اور حکم مین چلو رسول کے شاید تم پر رحم ہو *

۵۷ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا مُعْجِزِينَ فِي الْأَرْضِ ۚ

نہ خیال کر کہ بے جو منکر ہین تھکا دینگے بھاگ کر ملک مین *

۵۸ وَمَأْوَاهُمُ النَّارُ ۖ وَلَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

اور اُنکا ٹھکانا آگ ہی * اور بری جگہ ہی پھر جانیکی * اے ایمان والو

ع ۱۴

لِيَسْتَأْذِنْكُمُ الَّذِينَ مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ وَالَّذِينَ لَمْ يَبْلُغُوا

پروانگی مانگ کر آوین تم سے جو تمھارے ہاتھ کے مال ہین اور جو نہین پہنچے تم مین

الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ۚ مِنْ قَبْلِ صَلَاةِ الْفَجْرِ وَحِينَ

